© rasailojaraid.com

نامطلوب جذبات کام کرنے لگیں۔

اس رسالے میں مختلف مضامین ہیں۔ مثلاً ۲۰۰ سالہ نوآبادیاتی دور پر ایک تاریخی مضمون ہے۔ جہاد کے متعلق آیات درج ہیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل رپورٹ ۱۹۸۶ء شامل ہے۔ عالمی پریس نے ۳۷ سال قبل رہنگیا مسئلے کو جب پہلے پہل چھیڑا تھا تو اس وقت کی بعض مختصر رپورٹیں شریکِ اشاعت ہیں۔

یہ رسالہ گویا ہمارے بھائیوں کی دردناک تاریخ کے ابواب کی جھلک دکھا رہا ہے۔

---

**نونہال ۔ اشاعتِ خاص ۱۹۸۷ء** مدیر: مسعود احمد برکاتی ۔ پتہ: ہمدرد نونہال، ہمدرد ڈاک خانہ ۔ ناظم آباد، کراچی ۱۸ صفحات: تین سو سے زائد ۔ قیمت: ۱۰/- روپے

حکیم محمد سعید صاحب نے "ہمدرد" کو ایک ایسا سرچشمۂ خیر و برکت بنا دیا ہے جس سے طرح طرح دھارے پھوٹتے ہیں۔ پھر خوبی یہ کہ ہر شعبے اور ہر کام پہ ایسی بھرپور توجہ کہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ جیسے حکیم صاحب خاص یہی کام کرتے ہیں۔

آپ جاننا چاہیں گے کہ بچوں کے اس رسالے میں کیا ہے؟ ہم جواب میں کہیں گے کہ بچوں کی ذہنی ضرورت کے لحاظ سے اس میں کیا نہیں ہے؟ کہانیاں ہیں واقعاتی بھی، جنوں کی بھی، سائنس کی بھی، جادوگروں کی بھی۔ پھر عجائبات و معلومات ہیں۔ سمندروں کے متعلق قطب جنوبی کے متعلق، آسمانوں اور ستاروں سے متعلق۔ سائنس کی باتیں ہیں، ریڈار اور لیزر شعاعوں کے متعلق۔ پھر "طب کی روشنی میں" کے عنوان سے سوال جواب ہیں۔ اور اس حصے کے مرتب خود حکیم محمد سعید صاحب ہیں۔ نفسیات کا ایک مسئلہ کہ ہمیں ڈر کیوں لگتا ہے۔ انسانی جسم کے متعلق چند حقائق ہیں۔ کھیل کی باتیں ہیں۔ جغرافیائی معلومات ہیں۔ معمے ہیں۔ لطیفے ہیں، مزاحیہ تحریریں ہیں۔ جانوروں کا مطالعہ ہے۔ تصویریں اور مصوری کے کھیل بھی۔ بچوں کی لکھی ہوئی نظمیں، کہانیاں اور خط۔

© rasailojaraid.com